**26.06.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم

**Music**

------------------------------

☆ بھارت نے خلاء میں تاریخ رقم کی ہے کیونکہ سبھانشو شُکلا بین الاقوامی خلائی اسٹیشن میں قدم رکھنے والے پہلے بھارتی بن گئے ہیں۔

☆ ایس سی او کے مشترکہ اعلامیے کو واپس لے لیا گیا ہے کیونکہ بھارت نے دہشت گردی سے متعلق تشویش کو شامل نہ کرنے پر سخت اعتراض درج کیا ہے۔

☆ انتخابی کمیشن نے تعمیلی ضوابط پورے نہ کرنے کیلئے 345 غیر تسلیم شدہ سیاسی پارٹیوں کو فہرست سے خارج کرنے عمل شروع کردیا ہے۔

☆ سائبر جرائم سے متعلق ایک وسیع کارروائی میں، CBI نے ڈیجیٹل دھوکہ دھڑی کارروائیوں کو نشانہ بناتے ہوئے 42 مقامات پر چھاپے مارے ہیں۔

☆ اور بھارت نے کوالالمپور کے ایشین ڈبلز اسکواش میں مردوں کے، خواتین کے اور مکسڈ مقابلوں میں سونے کے تین تمغے حاصل کئے ہیں۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Axiom Docked**

بھارت نے بھارتی فضائیہ کے گروپ کیپٹن سبھانشو شکلا سمیت Axiom-4 کے عملے کو لے جانے والے Space X Dragon طیارے کے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن ISS پر بھارتی وقت کے مطابق آج شام چار بجے پہنچ کر تاریخ رقم کی ہے۔

اس کے ساتھ ہی بھارت کے پہلے خلاء باز نے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پر اپنے قدم رکھے ۔لکھنؤ میں پیدا ہوئے سبھانشو شکلا خلاء میں جانے والے دوسرے بھارتی خلاء باز بن گئے ہیں، اُن سے پہلے 1984 میں راکیش شرمانے خلاء کا سفر کیا تھا۔ اس تاریخی مشن پر امریکہ، بھارت، پولینڈ اور ہنگری پر مشتمل چار خلاء باز نچلی ارضیاتی مدار میں 14 دن کی سائنسی مہم جوئی پر ہیں۔X

S/B Shubhanshu Shukla

## MEA Briefing

وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ بہت سے رُکن ممالک بعض مسئلوں پر متفق نہیں ہوسکے، اور اسی لئے دستاویز کو حتمی شکل نہیں دی جاسکی۔ آج نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے وزارت کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ بھارت دستاویز میں درج تشویش اور دہشت گردی کو شامل کرنا چاہتا تھا جو ایک خاص ملک کو قابل قبول نہیں تھا۔ انھوں نے کہا کہ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے رکن ممالک پر زور دیا کہ وہ ہر قسم اور ہر طرح کی دہشت گردی کے خلاف لڑنے کیلئے یکجا ہوں۔

S/B Randhir Jaiswal SCO

آپریشن سندھو کے بارے میں بات کرتے ہوئے جناب جیسوال نے کہا کہ ابھی تک ایران سے تین ہزار 426 بھارتیوں اور اسرائیل سے 818 بھارتی باشندوں کو واپس لایا جاچکا ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت، اپنی فضائی حدود کھولنے کیلئے ایرانی حکومت کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہے۔

S/B Randhir Jaiswal Evacution

بھارت–کنیڈا تعلقات کے بارے میں وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے حال ہی میں Alberta کے Kananaskis میں جی– 7 چوٹی کانفرنس کے موقع پر کنیڈا کے وزیر اعظم Mark Carney سے باہمی میٹنگ کی۔ میٹنگ کے دوران، فریقین نے تعلقات میں استحکام کو بحال کرنے کیلئے جامع اور تعمیری اقدامات کرنے سے اتفاق کیا، جس کا آغاز ایک دوسرے کی راجدھانیوں میں ہائی کمشنر کی جلد واپسی سے کیا جانا ہے۔x

## UNSC India

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں، بھارت نے پاکستان کے گھناؤنے ایجنڈے کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔ بھارت نے پاکستان پر الزام لگایا ہے کہ وہ اپنے یہاں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور سرحد پار کی دہشت گردی کی اعانت کرنے سے توجہ ہٹانے کی کوشش کررہا ہے۔ اقوام متحدہ میں بھارت کے مستقل نمائندے، سفیر پی ہریش نے بچوں اور مسلح افواج کے تنازعہ پر UNSC کی ایک کھلی بحث میں اس پلیٹ فارم کا غلط استعمال کرنے اور کونسل کے ایجنڈے کی خلاف ورزی کرنے پر پاکستان کی نکتہ چینی کرتے ہوئے ایک سخت ردعمل کا اظہار کیا ہے۔X

## PM Culture

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج صحت اور تندرستی کے تئیں ملک کے بیش قیمت ثقافتی تعاون کو اجاگر کیا۔ انھوں نے اختراعی اسٹارٹ اپ کے بڑھتے ہوئے رجحان پر زور دیا جو قدیم روایتوں کو جدید سائنسی رسائی کے ساتھ مربوط کرتا ہے۔ سوشل میڈیا پر من کی بات اپ ڈیٹس کے ذریعے ایک پوسٹ کا جواب دیتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ بھارتی ثقافت، چست اور صحتمند رہنے کیلئے بہت سے طور طریقے فراہم کرتی ہے۔x

## ECI Delisting

انتخابی کمیشن نے 345رجسٹرڈ غیر تسلیم شدہ سیاسی پارٹیوں کو لازمی شرائط کو پورا نہ کرنے کے سبب فہرست سے خارج کرنے کا عمل شروع کر دیا ہے۔ یہ عمل ایسی پارٹیوں کو فہرست سے خارج کرنے کیلئے شروع کیا گیا ہے۔ جنھوں نے 2019سے لوک سبھا میں ریاستوں اور مرکز کے انتظام والے علاقوں کی قانون ساز اسمبلیوں یا ضمنی چناؤ نہیں لڑا ہے۔ اس کے علاوہ ان پارٹیوں کے دفاتر کا وجود بھی کہیں نہیں پایا گیا۔X

## Bihar ECI Team

انتخابی کمیشن کی ایک نو رُکنی ٹیم بہار میں ہونے والے اسمبلی انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے ریاست کے تین روزہ دورے پر ہے۔ یہ ٹیم کل شام پٹنہ پہنچی اور ووٹر لسٹ کا خاص طور پر گہرائی سے جائزہ لینے کیلئے آج انھوں نے چیف الیکٹورل افسر ونود سنگھ Gunjiyal اور دیگر افسران کے ساتھ اعلیٰ سطحی میٹنگ بھی منعقد کی۔ اُنھوں نے تازہ معلومات کیلئے دسٹرکٹ الیکشن افسر، ڈویژنل کمشنرز اور دیگر سینئر افسر کے ساتھ بھی ملاقات کی۔ کمیشن نے حال ہی ہی میں ووٹر لسٹ میں درستگی کو یقینی بنانے کیلئے گھر گھر جاکر ووٹر لسٹ کا جائزہ لینے کا اعلان کیا تھا۔ یہ ٹیم کل الیکٹورل رجسٹریشن افسروں اور ان کے اسسٹنٹ سے ملاقات کرے گی۔X

## Shah Hindi Language

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج کہا کہ ہندی کو دیگر بھارتی زبانوں کا ساتھی سمجھنا چاہئے نہ کہ حریف۔ انھوں نے زبان کو قوم کی روح قرار دیا۔ سرکاری زبان کے محکمے کی گولڈن جبلی کے موقع پر جناب شاہ نے زور دیا کہ حکمرانی میں لوگوں کی زبان کی عکاسی ہونی چاہئے۔ انھوں نے ایک بھارت سریشٹھ بھارت اور بھاشا سنگم جیسے اقدامات کو اجاگر کیا جو لسانی اتحاد کو فروغ دیتے ہیں۔ اِن میں طالب علموں کو تمام 22سرکاری زبانوں میں 100 عام جملوں کا درس دینا شامل ہے۔ جناب شاہ نے درجہ پانچ تک مادری زبان میں پڑھائی پر قومی تعلیمی پالیسی کی توجہ کی بھی حمایت کی جس کا مقصد ثقافت کو محفوظ کرنا اور تعلیم کو فروغ دینا ہے۔X

## Vaishnaw Train

مرکزی وزیر جیوترآدتیہ سندھیا اور مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ موہن یادو نے آج گوالیار—بینگلورو ایکسپریس ٹرین کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ یہ ٹرین ہفتے وار چلے گی، جو گوالیار سے ہر جمعہ کو اور بنگلورو سے ہر اتوار کو سفر کا آغاز کرے گی۔ باقاعدہ سروس کا آغاز بنگلورو سے 29جون کو اور گوالیار سے 4جولائی کو ہوگا۔ ویڈیو کانفرنس کے ذریعے آغاز کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ اِس نئی ریل گاڑی سے، گوالیار، Guna اور بھوپال کے مسافروں کو فائدہ پہنچے گا۔ انھوں نے مدھیہ پردیش کے ریلوے بجٹ میں نمایاں اضافے کے بارے میں بتایا جو ایک دہائی قبل 632 کروڑ روپئے سے بڑھ کر اب 14ہزار 745 کروڑ روپئے ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ گذشتہ 11سالوں میں ریاست بھر میں دو ہزار 651 کلو میٹر طویل نئی لائنیں بچھائی گئی

ہیں جو کہ ڈنمارک کے مجموعی ریل نیٹ ورک سے زیادہ ہے۔

S/B Ashwini Vaishnaw

## Gadkari Toll Tax

سڑک نقل وحمل اور شاہراہوں کے وزیر نتن گڈکری نے دو پہیہ گاڑیوں پر ٹول ٹیکس نافذ کرنے کے بارے میں خبروں کو مسترد کردیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب گڈکری نے کہا کہ اس طرح کے فیصلے کی کوئی تجویز نہیں ہے۔ انھوں نے کہا کہ بہت سی میڈیا کمپنیاں دو پہیہ گاڑیوں پر ٹول ٹیکس نافذ کرنے کے بارے میں گمراہ کن خبریں پھیلا رہی ہیں۔ جناب گڈکری نے یہ کہتے ہوئے اس کی مذمت کی کہ سچائی جانے بغیر گمراہ کن خبریں پھیلا کرسنسنی پیدا کرنا اچھی صحافت کی نشانی نہیں ہے۔x

## NBFC Sagarmala

بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی شاہراہوں کے مرکزی وزیر سربانند سونووال نے آج سمندری شعبے، ساگر مالا مالیاتی کارپوریشن لمیٹڈ SMFCL میں، بھارت کی پہلی غیر بینکنگ مالیاتی کمپنی NBFC کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ ساگر مالا مالیاتی کارپوریشن لمیٹڈ کا ایک NBFC کے طور پر اندراج، بھارت کے سمندری سفر میں ایک اہم سنگ میل ہے۔ انھوں نے کہا کہ SMFCL انتہائی اہم مالیاتی کمیوں کو ختم کرے گا اور شعبہ مخصوص مالیاتی حل فراہم کرے گا، جو بندرگاہوں، MSMEs، اسٹارٹ اپس اور اداروں کو بااختیار بنائے گا۔ انھوں نے مزید کہا کہ یہ اقدام میری ٹائم امرت کال وژن 2047اور ملک کو ایک سرکردہ عالمی سمندری قوت نیز وکست بھارت بنانے کے عین مطابق ہے۔x

## Shekhawat Tourism

سیاحت اور ثقافت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے، آندھراپردیش کے نائب وزیر اعلیٰ پون کلیان کے ساتھ آج راجا مہندرا ورم میں پشکر گھاٹ کے نزدیک پُروقار اکھنڈ گوداوری سیاحتی پروجیکٹ کا سنگ بنیاد رکھا۔ راجا مہندرا ورم سے رکن پارلیمنٹ ڈی پورن دیسواری اور ریاست کے سیاحت کے وزیر کنڈولا دُرگیش بھی اس موقع پر موجود تھے۔ 94 کروڑ روپئے سے زیادہ کی تخمینی لاگت کے ساتھ اس پروجیکٹ کا مقصد راجا مہندرا ورم کو ایک بڑے روحانی اور ثقافتی سیاحتی مرکز میں تبدیل کرنا ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیر نے کہا کہ یہ پروجیکٹ 2035 تک، سیاحتی بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنائے گا، تقریباً آٹھ ہزار لوگوں کیلئے روزگار پیدا کرے گا اور 35لاکھ سیاحوں کو راغب کرے گا۔ انھوں نے کہا کہ مرکزی حکومت نے پورے آندھراپردیش میں 7سیاحتی پروجیکٹوں کیلئے 450 کروڑ روپئے منظور کئے ہیں نیز Swadesh درشن اور PRASAD جیسی اسکیموں کے ذریعے مدد کا اعادہ کیا ہے۔x

## Aadhar Authentication

حکومت نے اُن امتحانوں میں امیدواروں کی تصدیق کیلئے آدھار کی توثیق کے استعمال کی اجازت دے دی ہے، جن کا انعقاد انسٹی ٹیوٹ آف بینکنگ پرسنل سلیکشن، IBPS کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ وزارت خزانہ کے تحت مالیاتی خدمات کے محکمے کے ذریعے جاری ایک نوٹیفکیشن کے مطابق، اب IBPS کو، اپنے امتحانات اور بھرتی کے عوامل کے دوران، رضاکارانہ بنیاد پر آدھار کی توثیق کو استعمال کرنے کی اجازت ہے۔ وزارت نے کہا کہ اِس اقدام کا مقصد فرضی شخصیت اپنانے اور دیگر غلط عوامل کو روکنے، اچھی حکمرانی کو فروغ دینے اور بینکاری، مالیاتی خدمات اور بیمہ کے شعبے میں بھرتی کے عوامل کو مربوط بنانا ہے۔x

## CBI Cyber Crime

سائبر جرائم اور ڈیجیٹل گرفتاری کے گھپلوں پر ایک ملک گیر کارروائی میں CBI نے آپریشن چکر– 5 کے تحت پانچ ریاستوں میں 42 مقامات پر چھاپے مارے۔ راجستھان، دلّی، ہریانہ، اتراکھنڈ اور اترپردیش میں تلاشی کی کارروائی کے دوران، سائبر دھوکہ دھڑی سے منسلک فرضی بینک کھاتوں کو نشانہ بنایا گیا۔ تحقیقات سے پتہ چلا ہے کہ اس طرح کے تقریباً آٹھ لاکھ پچاس ہزار کھاتے، 700 سے زیادہ بینک کی شاخوں میں کھولے گئے تھے، جن میں سے بہت سے باقاعدہ KYC کرائے بغیر تھے۔ ایجنسی نے ڈیجیٹل شواہد، موبائل فونس اور دستاویزات ضبط کئے ہیں نیز 9 افراد کو گھپلے کرنے کیلئے راہ ہموار کرنے کے ضمن میں گرفتار کیا ہے۔ ان میں بچولیے، ایجنٹس اور بینک کے نمائندے شامل ہیں۔ CBI نے کہا کہ یہ کارروائی ملک گیر پیمانے پر سائبر جرائم کے نیٹ ورکس کو ختم کرنے کی کوششوں کا حصہ ہے۔x

## Delhi ACB AAP

دلی کے انسدادِ بدعنوانی محکمے نے سابق وزیر صحت سوربھ بھاردواج اور ستیندر جین کے خلاف عام آدمی پارٹی کی سرکار کے دوران صحت کے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں میں مبینہ طور پر بڑے پیمانے پر بدعنوانی کئے جانے کا معاملہ درج کیا ہے۔ ACB کے مطابق عآپ سرکار کے دوران 19-2018 میں منظور کئے گئے 5 ہزار 500 کروڑ روپے مالیت کے 24 اسپتالوں کے پروجیکٹوں میں تاخیر اور اصل سے کہیں زیادہ لاگت دکھایا جانا مالی گھوٹالے کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ جانچ و پڑتال میں اسپتالوں، پولی کلینکس اور ICUs کی تعمیر میں بے ضابطگیاں، اصل سے زیادہ لاگت اور حساب کتاب میں گڑبڑ کا انکشاف ہوا ہے۔X

## IMD Weather

بھارتی محکمہ موسمیات نے شمالی راجستھان، پنجاب، ہریانہ اور دلی کے بقیہ حصوں میں اگلے تین سے چار دن میں مانسون کی بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمے کے مطابق مشرقی راجستھان، گجرات، اتراکھنڈ اور مغربی مدھیہ پردیش کے کچھ حصوں میں کل تیز بارش کا امکان ہے۔ ساحلی کرناٹک، کیرالا، ماہے، کونکن، گوا اور مدھیہ مہاراشٹر میں

بھی اسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے اروناچل پردیش، بہار،چھتیس گڑھ، مشرقی مدھیہ پردیش، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور دلی میں کچھ علاقوں میں شدید بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔ اس دوران، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، مزورم اور تریپورہ میں گرم و مرطوب موسم برقرار رہے گا۔X

## Asian Squash Championship

بھارت نے دوسرے ایشیائی اسکواش ڈبلز چمپئن شپ میں اپنا غلبہ برقرار رکھتے ہوئے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور مردوں، خواتین اور مکسڈ ڈبلز کے تینوں خطاب اپنے نام کرلئے۔

مردوں کے ڈبلز کے فائنل مقابلے میں سرکردہ کھلاڑی ابھے سنگھ اور ویلاون سینتھل کمار نے پاکستان کے نور زمان اور ناصر اقبال کو 2-1سے ہرا دیا۔ وہیں خواتین کے ڈبلز میں Joshna Chinappa اور Anahat Singh کی جوڑی نے ملیشیا کی Ainaa Amani اور Xin ying yee کی جوڑی کو ہرا کر خطاب اپنے نام کر لیا۔مکسڈ ڈبلز میں ابھے اور Anahat کی Top seed جوڑی نے ملیشیا کی Arnold Rachel اور Ameeshenraj Chandron کی جوڑی کو فائنل مقابلے میں 2-0سے ہراکر جیت درج کی۔

☆☆☆☆☆☆